## عبدالقادر لاکھانی مرحوم نے کڑے اور مشکل حالات میں تحریک کیلئے جو خدمات انجام دی ہیں وہ نا قابل فراموش ہیں جو ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔الطاف حسین

## عبدالقادر لاکھانی مرحوم کے ساتھ گزارے ہوئے دن مجھے آج بھی یاد ہیں جنہیں بھلایا نہیں جاسکتا

## خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں عبدالقادر لاکھانی مرحوم کے سوئم کے اجتماع سے فون پر خطاب

کراچی۔۔۔21 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے بزرگ رہنما عبدالقادر لاکھانی مرحوم کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ عبدالقادر لاکھانی مرحوم نے کڑے اور مشکل حالات میں تحریک کیلئے جو خدمات انجام دی ہیں وہ نا قابل فراموش ہیں جو ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔انہوں نے یہ بات خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں عبدالقادر لاکھانی مرحوم کے سوئم کے اجتماع سے فون پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجتماع میں ایم کیوایم کے یونٹوں ،سیکٹروں کے کارکنوں، ذمہ داروں، مختلف شعبہ جات اور ونگز کے ارکان، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، مشیران ،سینیٹرز ، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، اراکین رابطہ کمیٹی سمیت ہزاروں نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور عبدالقادر لاکھانی کے اہلخانہ نے شرکت کی۔جناب الطاف حسین نے عبدالقادر لاکھانی مرحوم کی تحریکی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے تمام پرانے کارکنان اچھی طرح جانتے ہیں کہ 19 جون 1992ء کے آپریشن کے آغاز میں جب نوجوانوں کا گھروں میں رہنا ناممکن بنادیا گیا تھا اور سرکاری اہلکاروں کی جانب سے نائن زیرو کو سیل کردیا گیا تھا اور میں نے بزرگوں سے اپیل کی تھی کہ وہ تحریک کو سنبھالنے کیلئے آگے آئیں تو اس وقت عبدالقادر لاکھانی مرحوم نے چند بزرگوں کے ساتھ ملکر نائن زیرو دوبارہ کھولا، ریاستی آپریشن کے آغاز کے بعد جب پہلی رابطہ کمیٹی تشکیل دی گئی تو عبدالقادر لاکھانی مرحوم اسکے رکن تھے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میرا دوران آپریشن نائن زیرو پر موجود بزرگوں سے رابطہ رہتا تھا اور عبدالقادر لاکھانی مرحوم دیگر بزرگوں کے ہمراہ رات دن وہاں موجود رہ کر حالات وواقعات سے آگاہ کرتے تھے، وہ اس مشکل وقت میں جیلوں میں جاکر ساتھیوں کی خبر گیری کرتے ، مرحوم بہت ملنسار تھے اور ہر کسی سے خندہ پیشانی سے ملتے ، وہ کچھ عرصہ لندن میں جلاوطنی میں بھی رہے اور ان کے ساتھ گزارے ہوئے دن مجھے آج بھی یاد ہیں جنہیں بھلایا نہیں جاسکتا۔عبدالقادر لاکھانی مرحوم سندھ اسمبلی کے رکن اور ایلڈرز ونگ کے انچارج بھی رہے، وہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے، انہوں نے پاک کالونی میں غریبوں کے علاج کیلئے ایک اسپتال بھی قائم کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ عبدالقادر لاکھانی مرحوم نے کڑے اور کٹھن حالات میں ضعیف العمری کے باوجود تحریک کیلئے جو مثالی خدمات انجام دی ہیں اس پر انہیں جتنا بھی خراج عقیدت پیش کیا جائے کم ہے، انہوں نے جو قربانیاں دی وہ ہم سب کیلئے ایک مثال ہیں، وہ ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور انکے انتقال سے تحریک میں جو خلاء پیدا ہوگیا ہے اسے پر کرنا مشکل ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ایم کیوایم کے بزرگ رہنما عبدالقادر لاکھانی مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور ہم سب کو اللہ تعالیٰ توفیق دے کہ ہم سب عبدالقادر لاکھانی مرحوم کی طرح کڑے اور مشکل حالات میں ڈٹ کر کام کرنے کی ہمت، جرات اور حوصلہ دے۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے خوش الحانی کے ساتھ فاتحہ خوانی کرائی۔

## جماعت اسلامی ضلع مستونگ کے سابق جنرل سیکریٹری اور شباب ملی کے سابق صدر اکرام زہری سمیت عبدالقاقی مینگل اور عبدالحئی اچکزئی اور دیگر شخصیات کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کوئٹہ۔۔۔21 جولائی 2010ء

جماعت اسلامی ضلع مستونگ کے سابق جنرل سیکریٹری اور شباب ملی کے سابق صدر اکرام زہری سمیت ،عبدالقاقی مینگل اور عبدالحئی اچکزئی سمیت دیگر شخصیات نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کی جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ دنوں کوئٹہ میں منعقدہ ایم کیوایم بلوچستان کے جنرل ورکرز اجلاس کے بعد ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی سے ہونیوالی ایک ملاقات میں کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اور ایم کیوایم بلوچستان صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ملاقات میں ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والے افراد نے رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک میں غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کو متعارف کرایا ہے اور انہیں ملک کے ایوانوں میں بھیج کر ملک کی قسمت بدلنے کی عملی کوشش کی ہے۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین جس مشن، مقصد اور نظریئے کو لیکر آگے بڑھ رہے ہیں اسے فروغ دیکر ملک وقوم میں ترقی وخوشحالی کا انقلاب برپا کیا جاسکتا ہے۔اس موقع پر یوسف شاہوانی نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والے افراد کا زبردست خیر مقدم کیا اور ان کی شمولیت کو حق پرستی کی تحریک کیلئے خوش آئند قرار دیا۔

## قلات میں بی این پی کے رہنما حاجی لیاقت علی مینگل کے بہیمانہ قتل میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے ، یوسف شاہوانی
## مقتول کے لواحقین، بی این پی کے رہنماؤں اور کارکنوں سے اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔21، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے بلوچستان کے شہر قلات میں مسلح افراد کی فائرنگ سے بی این پی کے رہنما حاجی لیاقت علی مینگل کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مقتول کے لواحقین، بی این پی کے رہنماؤں اور کارکنوں سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں بی این پی کے مرکزی جنرل سیکریٹری حبیب جالب کے بہیمانہ قتل کے بعد بی این پی قلات کے رہنما حاجی لیاقت علی مینگل کے وحشیانہ قتل کی واردات بلوچستان کے عوام میں پائی جانے والی محرومیوں کو مزید جنم دینگی ۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بدامنی کے واقعات میں اضافہ ہورہا ہے اور بی این پی کے رہنماؤں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی ہلاکتیں ملک بھر کے عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہیں ۔ یوسف شاہوانی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک اور بلوچستان کے وزیراعلیٰ اسلم رئیسانی سے مطالبہ کیا کہ بی این پی کے قلات کے رہنما حاجی لیاقت علی مینگل کے قتل میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں قرار واقعی سزا دی جائے ۔

## ملک میں خواتین اور بچیوں کے ساتھ زیادتی ،تشدد اور ناانصافیوں کے واقعات کا نوٹس لیا جائے ،شعبہ خواتین
## خواتین اور بچیوں کے ساتھ زیادتی کے واقعات کی ذمہ دار فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام پر عائد ہوتی ہے
## ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کیا جائے اور خواتین کے حقوق کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جائے

کراچی ۔۔۔21، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج واراکین نے خواتین اور بچیوں کے ساتھ ملک میں زیادتی ،تشدد اور ناانصافیوں کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ان واقعات کو ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کا شاخسانہ قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز ہی بورے والا میں جاگیردار کی جانب سے ایک لڑکی کو دس ماہ تک زیادتی کا نشانہ بنانے اور اس سے جنم لینے والی بچی کو پاؤں تلے کچل کر نعش کوڑے کے ڈھیر میں پھینکنے کا واقعہ منظر عام پر آچکا ہے جبکہ اسی طرح ڈیرہ غازی خان میں خواتین کے خلاف بنائی گئی فرسودہ رسم کے تحت قتل کے بدلے میں 13 سالہ لڑکی کو ونی کردیا گیا بعدازاں اسے فروخت کرکے اس کا نکاح بھی طے کردیا گیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔انہوں نے کہا کہ جمہوری ملک میں خواتین اور بچیوں کے ساتھ زیادتی کے واقعات کی ذمہ داری فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام پر عائد ہوتی ہے اور اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارنہ نظام کا خاتمہ کیا جائے اور خواتین کے حقوق کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جائے ۔شعبہ خواتین کی انچارج واراکین نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ ملک میں خواتین اور بچیوں کے ساتھ زیادتی ،تشدد اور ناانصافیوں کے واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور خواتین کے حقوق کے تحفظ کیلئے عملی اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں ۔

## صوبہ پنجاب میں بارشوں کے باعث مختلف حادثات میں متعدد افراد کی ہلاکت اور زخمی ہونے پر حق پرست ارکان اسمبلی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔21، جولائی 2010ء

حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صوبہ پنجاب کے مختلف شہروں، دیہاتوں اور قصبوں میں موسلا دھار بارش کے باعث مختلف حادثات میں متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے لاہور سمیت پنجاب کی ضلعی حکومتوں کی جانب سے بارش سے قبل نکاسی آب اور دیگر انتظامات انجام نہ دینے پر گہری تشوی کا اظہار کیا ہے ۔ایک بیان میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے شہر لاہور سمیت صوبے کی دیگر ضلعی حکومتوں نے بارش سے قبل جانی و مالی نقصانات سے بچاؤ کیلئے کسی قسم کے اقدامات نہیں کئے جس کے باعث لاہور سمیت سرگودھا، گوجرانوالہ ،نوشہرہ اور دیگر ضلعوں میں سڑکوں اور گلیوں میں پانی کھڑا ہوا اور گھروں میں داخل ہوگیا اور اس صورتحال کے سبب مختلف حادثات میں کئی افراد ہلاک اور درجنوں زخمی ہوگئے ۔ارکان اسمبلی نے کہا کہ اگر بارش سے قبل ہی لاہور سمیت ضلعی حکومتوں کی جانب سے نکاسی آب کے بہتر انتظامات کرلئے جاتے تو جانی و مالی نقصانات سے بچا سکتا تھا اور اس سنگین صورتحال کا سامنا ہرگز نہ ہوتا۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ صوبہ پنجاب میں لاہور سمیت دیگر ضلعی حکومتوں کی جانب سے بارش سے بچاؤ کیلئے کسی قسم کے اقدامات نہ کرنے کا نوٹس لیا جائے اور جاں بحق افراد کے لواحقین اور زخمیوں کو فی الفور معاوضہ دیا جائے اور ان کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے ۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔21 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ایلڈرز ونگ بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے سیکٹر انچارج قمرالدین کی والدہ محترمہ حسن آراء، ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون یونٹ ڈتو کالرو کے کارکن محمد اقبال کالرو کے بھائی مولا بخش، ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون یونٹ C-4 کے یونٹ کمیٹی ممبر محمد ارشاد قائم خانی کے والدالہٰ دین خان ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 142 کے کارکن محمد نوید قریشی کی والدہ محترمہ حاجرہ بیگم، ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ مومن آباد 129 کے یونٹ انچارج شہباز خان کے والد محمد الیاس کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم شکار پور زون کی زونل کمیٹی کے رکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔21، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شکار پور زون کی زونل کمیٹی کے رکن مادھوداس کے بھائی شام لعل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں آپ کے ساتھ ہیں۔

## پاورلومز مزدوروں کے جائز مطالبات تسلیم کئے جائیں، ایم کیوایم فیصل آباد زون

## مزدوروں کے احتجاجی مظاہرے پر فائرنگ اور شیلنگ کی مذمت

فیصل آباد۔۔۔21، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ فیصل آباد زون کے انچارج واراکین نے اجرت میں اضافہ نہ کرنے پر پاورلومز مزدوروں کی جانب کئے جانے والے احتجاجی مظاہرے پر فائرنگ اور شیلنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ پاورلومز مزدوروں کے جائز مطالبات تسلیم کئے جائیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک میں روز بروز بڑھتی ہوئی مہنگائی کے باعث محنت کش طبقہ شدید مشکلات اور پریشانیوں میں مبتلا ہے اور انہی مشکلات اور پریشانیوں کے باعث گزشتہ روز پاورلومز مزدور اپنی اجرت میں اضافہ کیلئے مظاہرہ کررہے تھے تاہم انہیں فائرنگ اور شیلنگ کا نشانہ بنایا گیا جس سے صورتحال سنگین ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ اجرت میں اضافے کیلئے پرامن احتجاج کرنا مزدوروں کا حق ہے اور محنت کشوں کی آواز کو دبانے والے کھلی مزدور دشمنی کا مظاہرہ کررہے ہیں۔ فیصل آباد کے انچارج واراکین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پاورلومز مزدوروں کے احتجاجی مظاہرے پر فائرنگ اور شیلنگ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور محنت کشوں کے جائز مطالبات فی الفور تسلیم کئے جائیں۔

## حیدرآباد میں ہفتہ صفائی مہم ''میرا حیدرآباد'' کا تیسرا روز

## ایم کیوایم کے 20 ہزار سے زائد کارکنان نے تیز دھوپ اور گرمی کی پرواہ کیے بغیر صفائی مہم میں حصہ لیا

## تیسرے روز نالیوں، گلیوں، سڑکوں، شاہراہوں، اسپتالوں اور بازاروں سے ہزاروں ٹن کچرا اور

## ملبہ صاف، پاکس، فٹ پاتھوں کی تزئین و آرائش، اسٹریٹ لائٹس کی تبدیلی، بھائی خان چاڑی پر شکایتی سیل بھی قائم

حیدرآباد۔۔۔22، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت حیدرآباد میں شروع کی جانے والی ہفتہ صفائی ''میرا حیدرآباد'' تیسرے روز بھی زور و شور سے جاری رہی اور اس سلسلے میں ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان نے حیدرآباد، قاسم آباد اور لطیف آباد کے مختلف علاقوں حیدرآباد سٹی، نسیم نگر، علمدار چوک، علی پیلس، گلشن یاسین، ٹنڈو میر غلام حسین، لطیف آباد نمبر 5 اور 6، بھٹائی اسپتال، حسین آباد، سیکٹر F، سبزی منڈی، حالی روڈ، لیاقت اشرف کالونی، لطیف آبا نمبر 11 اور 12، ذیل پاک کالونی اور بہار کالونی میں صفائی کے کاموں میں حصہ لیا اور ہزاروں ٹن کچرا اٹھا کر ٹھکانے لگایا جبکہ ایم کیوایم حیدرآباد زون کی جانب سے بھائی خان چاڑی پر عوام کیلئے ایک شکایتی سیل بھی قائم کردیا گیا جہاں شہری ٹیلی فون نمبر 022-2662885 پر رابطہ کرکے صفائی ستھرائی کے حوالے اپنی شکایات درج کروارہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے تحت حیدرآباد میں ہفتہ صفائی مہم پورے زور و شور سے جاری ہے اور اس سلسلے میں ایم کیوایم کے 20 سے زائد کارکنان نے شدید گرمی، دھوپ پیاس

اوربھوک کی پرواکیے بغیر شہر بھر کی اہم شاہراہوں، چوراہوں،گلیوں، بازاروں،شاپنگ سینٹرز، پلازاوں اورنالوں سے اپنی مدد آپ اور بھاری مشینری کے ذریعے ہزاروں ٹن کچرااورملبہ صاف کیا،شاہراہوں اوراہم سڑکوں پراسٹریٹ لائٹس کی تنصیب وتبدیلی، پارکس اورگرین بیلٹس کی تزئین وآ رائش کی اورفٹ پاتھوں پررنگ وروغن کرکے انہیں اصل حالات میں لائے، ہفتہ صفائی مہم کے سلسلے میں بنائے گئے شکایتی سیل پرعوام نے مختلف علاقوں سے فون کر کے اپنے مسائل سے آگاہ کیااورسڑکوں ناقص حالت ، نالوں کی صفائی،خراب اسٹریٹ لائٹس کی جانب توجہ دلائی جن پرفوری طور پرکام شروع کردیا گیا۔حیدرآباد میں ایم کیوایم کے تحت ہفتہ صفائی مہم کوحیدرآباد کےعوام میں زبردست پذیرائی مل رہی ہےاورعوام ایم کیوایم کی عملی خدمات کوسراہتے ہوئے اسے انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں۔دریں اثناءایم کیوایم کے منتخب حق پرست عوامی نمائندوں نے بدھ کے روزایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان اورحیدرآباد زونل کمیٹی کے انچارج واراکین کے ہمراہ حیدرآباد،قاسم آباداورلطیف آباد کےمختلف علاقوں کاہنگامی دورہ کیااور ہفتہ صفائی کے سلسلے میں جاری کاموں کا جائزہ لیا۔اس موقع پرسیکٹرز و یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔انہوں نے تیز دھوپ،گرمی شدت اوربھوک وپیاس کے باوجودصفائی ستھرائی کے کاموں میں مصروف ایم کیوایم کے کارکنان کوقائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی اورخراج تحسین پیش کیااورکہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جوکم وسائل کے باوجوداپنی مددآپ کےتحت عوام کی بےلوث خدمت پریقین رکھتی ہےحیدرآبادقائدتحریک جناب الطاف حسین کے چاہنے والوں کا شہر ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اقتدارمیں ہویااقتدار سے باہرعوام کے مسائل کوترجیحی بنیادوں پرحل کرناہماری اولین ذمہ داری ہے،قائدتحریک الطاف حسین کی ہدایت پرایم کیوایم حیدرآباد کے کارکنان نے کامیاب ہفتہ صفائی مناکرثابت کردیاہےکہ وہ قائدتحریک الطاف حسین کے سچے اوروفادارسپاہی ہیں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیئر ڈاکٹر فاروق ستار کابلوچ رہنمااختر مینگل سےفون پررابطہ،بلوچ رہنماؤں کےقتل پرتعزیت

کراچی۔۔۔21،جولائی2010

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیئر ڈاکٹر فاروق ستار نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے رہنمااختر مینگل سےفون کرکے گزشتہ دنوں بلوچستان میں دہشت گردوں کی پرتشدد کاروائی کے نتیجے میں دوبلوچ رہنما حبیب جالب اورحاجی لیاقت علی مینگل کی شہادت پرگہری تشویش کا اظہارکیا ہےاوردہشت گردی کےواقعات کی شدیدالفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے اختر مینگل سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ یہ واقعات ملک دشمن سازش کانتیجہ ہےجس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے بلوچ رہنماءاختر مینگل سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں قائدتحریک جناب الطاف حسین اورایم کیوایم کےتمام کارکنان آپ کےغم میں برابر کےشریک ہیں۔انہوں نے بلوچ رہنماؤں کی شہادت پراختر مینگل سےدلی تعزیت وہمدردی کا بھی اظہارکرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان دونوں شہداء کی مغفرت فرمائے اورانکواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے۔

## عبدالقادرلاکھانی مرحوم کےایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم کےزیراہتمام
## سندھ بھرکےتمام زونوں اورچاروں صوبوں میں بھی قرآن خوانی اورفاتحہ خوانی کی گئی

کراچی۔۔۔21جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے سابق رکن عبدالقادرلاکھانی مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم کے زیراہتمام کراچی کے ساتھ ساتھ سندھ بھرکے تمام زونوں اورچاروں صوبوں میں بھی قرآن خوانی اورفاتحہ خوانی کی گئی اورمرحوم کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ایم کیوایم کے زیراہتمام حیدرآباد، میرپورخاص،نوابشاہ،سکھر، سانگھڑ،ٹنڈوالہ یار،گھوٹکی،عمرکوٹ،جامشورو،نوشہروفیروز، خیرپور،ٹھٹھہ، بدین،کشمور،قمبر شہدادکوٹ، شکارپور،جیکب آباد، لاڑکانہ اوردادومیں قرآن خوانی کی گئی جن میں زونل انچارجز، زونل کمیٹی کے ارکان ، دیگرذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی ۔علاوہ ازیں عبدالقادرلاکھانی مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے پنجاب میں لاہورزون،فیصل آبادزون، راولپنڈی زون، گوجرانوالہ زون، ملتان زون، بلوچستان میں کوئٹہ، آزادکشمیرمیں مظفرآباد،میرپور اورگلگت اوبلتستان میں بھی قرآن خوانی اورفاتحہ خوانی کی گئی اور بزرگ رہنما کوخراج عقیدت پیش کیا گیا۔

## سڈنی میں رہائش پذیر منصور نور عرف منتری عرف پولا کا ایم کیو ایم سے کوئی تعلق نہیں ہے

## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کی وضاحت

## منصور نور عرف منتری عرف پولا نامی شخص مختلف قسم کی مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث ہے اور خود کو ایم کیو ایم آسٹریلیا یونٹ کا انچارج قرار دیتا ہے

لندن۔۔۔12 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اپنے ایک بیان میں ایم کیو ایم آسٹریلیا یونٹ کے تمام ذمہ داروں، کارکنوں اور آسٹریلیا میں آباد تمام ہمدرد پاکستانیوں کو آگاہ کیا ہے کہ سڈنی میں رہائش پذیر منصور نور عرف منتری عرف پولا کا ایم کیو ایم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ منصور نور عرف منتری عرف پولا نامی شخص مختلف قسم کی مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث ہے اور پاکستانی کمیونٹی میں خود کو ایم کیو ایم آسٹریلیا یونٹ کا انچارج قرار دیتا ہے اور ایم کیو ایم کے انچارج کی حیثیت سے دیگر ناموں سے لوگوں کو ای میل کرتا ہے اور خود کو ایم کیو ایم کے رہنماؤں کا قریبی عزیز قرار دے کر لوگوں کو دھمکیاں دیتا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے صاف اور واضح الفاظ میں یہ اعلان کیا ہے کہ منصور نور عرف منتری عرف پولا کا ایم کیو ایم کا کوئی تعلق نہیں ہے اور اسکے کسی بھی قول و عمل کی متحدہ قومی موومنٹ ذمہ دار نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆